
گیلپ اور گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 9 جنوری، 2026

**اسلام آباد میں شہری سہولیات کو بہتر بنانے کے مطالبات میں ’پارکنگ کی سہولت بہتر بنانا سرفہرست رہا: 23% کاروباری افراد نے پارکنگ کی سہولت کو بہتر بنانے کو ترجیح دی، جبکہ 20% نے صفائی اور سیوریج کے مسائل بہتر بنانے کو اہم قرار دیا۔**




دیگر 20 فیصد| کوئی رائے نہیں 11 فیصد | سب ٹھیک ہے 12 فیصد



## کیا آپ کے خیال میں سی ڈی اے یا آئی سی ٹی انتظامیہ شکایات پر مؤثر طور پر ردِعمل دیتی ہے؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## اسلام آباد کے کمرشل علاقے

اسلام آباد کے کمرشل علاقوں میں سہولیات کے حوالے سے کاروباری افراد کی رائے

## اسلام آباد میں شہری سہولیات کو بہتر بنانے کے مطالبات میں 'پارکنگ کی سہولت' بہتر بنانا سرِفہرست رہا: %23 کاروباری افراد نے پارکنگ کی سہولت کو بہتر بنانے کو ترجیح دی، جبکہ %20 نے صفائی اور سیوریج کے مسائل بہتر بنانے کو اہم قرار دیا۔

(گیلپ & گیلانی سروے)


(اسلام آباد)، 09 جنوری 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، اسلام آباد میں شہری سہولیات کو بہتر بنانے کے مطالبات میں 'پارکنگ کی سہولت' بہتر بنانا سرِفہرست رہا۔ %23 کاروباری افراد نے پارکنگ کی سہولت کو بہتر بنانے کو ترجیح دی، جبکہ %20 نے صفائی اور سیوریج کے مسائل بہتر بنانے کو اہم قرار دیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب اسلام آباد کے مختلف کاروباری مراکز میں کاروبار کرنے والوں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"اگر آپ اپنے علاقے میں کسی سہولت کو بہتر بنانا چاہیں، تو وہ کون سی ہو گی؟"**۔ اس سوال کے جواب میں %23 کاروباری افراد کے مطابق اُن کے علاقے میں 'پارکنگ' کی سہولت کو فوری بہتر بنانے کی ضرورت ہے، جبکہ %20 نے 'صفائی اور سیوریج کے مسائل کو بہتر بنانے کی نشاندہی کی۔ اس کے بعد %6 نے 'ٹریفک کے مسائل' اور %6 ہی نے 'سڑکوں کی حالت' بہتر بنانے کی بات کی۔ مزید %4 نے 'پولیس کی مؤثر موجودگی اور قوانین پر بہتر عملدرآمد' پر زور دیا۔ کم تعداد میں جوابدہندگان نے 'بجلی کی لوڈشیڈنگ' (%3)، 'اسٹریٹ لائٹس' (%3) اور 'پانی کے مسائل' (%3) بہتر بنانے کو اہم قرار دیا۔ %2 کاروباری افراد نے 'اسٹریٹ کرائم یا سیکیورٹی کے مسائل' اور 'ٹیکس' کے، مسائل بہتر بنانے کا حوالہ دیا۔ جبکہ ہر %1 کاروباری افراد نے 'انتظامیہ کے غلط رویے'، 'امن و امان'، 'قوانین و ضوابط'، 'انٹرنیٹ کی سہولت' اور 'کاروباری مسائل' کا ذکر کیا۔ اسی دوران، %12 نے تمام شہری سہولیات کو ٹھیک قرار دیا، %15 نے دیگر مسائل کی نشاندہی کی، جبکہ %11 یہ بتانے سے قاصر رہے کہ کونسی سہولت میں بہتری کی ضرورت ہے۔

سروے کے نتائج سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام آباد میں کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے بنیادی شہری سہولیات خصوصاً پارکنگ اور صفائی ستھرائی میں بہتری نہایت اہم ہے، خاص طور پر اُن افراد کے نقطۂ نظر سے جو عملی طور پر کاروبار چلا رہے ہیں۔

**" اگر آپ اپنے علاقے میں کسی سہولت کو بہتر بنانا چاہیں، تو وہ کون سی ہو گی؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے اسلام آباد کے مختلف کاروباری مراکز میں کاروبار کرنے والے 432 افراد سے 22 جولائی 2025 تا 14 اکتوبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر %95 اعتماد کے ساتھ تقریباً %3-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**GALLUP PAKISTAN**
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 09 January 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)